MCQ,s

سوال	ا	ب	ج	د
1. "کلام" اللہ پاک کی کون سی صفت ہے؟	صفتِ حسنہ	صفتِ حادثہ	صفتِ ازلیہ	صفتِ لاحقہ
2. ہر کلام جو بولنے سے ظاہر ہوتا ہے پہلے کہاں پایا جاتا ہے؟	دل میں	دماغ میں	تصور میں	کتاب میں
3. اللہ پاک کی صفتِ کلام پر کیا دلیل ہے؟	انبیاء کا بتانا	اجماعِ امت	قرآن پاک	یہ تینوں
4. علامہ تفتازانی کے نزدیک صفاتِ باری تعالیٰ کی تعداد؟	7	8	6	18
5. معتزلہ کے نزدیک صفتِ کلام قائم ہے؟	ذات سے	غیر کے ساتھ	ملائکہ کے ساتھ	جبریل کے ساتھ
6. عقائدِ نسفیہ کے مصنف ہیں؟	ابو حفص محمد بن عمر	ابو حفص علی بن عمر	ابو حفص عمر بن محمد	نجم الدین بن لقمان
7. شرح عقائدِ نسفیہ کے مصنف ہیں؟	سعد الدین تفتازانی	محمد بن محمد غزالی	نجم الدین ابو حفص عمر	المدینۃ العلمیہ
8. سکوت کہتے ہیں؟	بے وجود قدرت کلام نہ کرنا	باوجود قدرت کلام نہ کرنا	کلام کرنا	خاموش رہنا
9. کن کے نزدیک صفت کلام ازل میں خبر ہے؟	معتزلہ	اشاعرہ	سعدُ الدین تفتازانی	امام رازی
10. صفت کلام ہے؟	صفتِ لاحقہ	صفتِ حادثہ	صفتِ واحدہ	صفتِ کثیرہ
11. تکثیر اور حدوث ہوتا ہے؟	تعلقات میں	اضافات میں	نفس میں	پہلے دونوں میں
12. ذاتِ باری تعالیٰ پاک ہے؟	زمانے سے	حوادثات سے	یہ تینوں	مکان سے
13. اللہ پاک کا علم ہے؟	ازلی	قائم لغیرہ	حادث	محدود
14. اہلِ سنت کے نزدیک قرآن پاک ہے؟	اللہ پاک کی مخلوق	اشرفُ المخلوقات بعد الانسان	کلامُ اللہ	صفتِ انبیاء
15. اہلِ سنت کے نزدیک مصحف کے الفاظ اور حروف ہیں؟	حادث	ازلی	ابدی	قدیم
16. معتزلہ کے نزدیک قرآن پاک ہے؟	کلامُ اللہ	مخلوقُ اللہ	صفتُ اللہ	وصفِ انبیاء
17. فالکتابۃ تدل علی	الکلام	الاشارۃ	الاذہان	العبارۃ
18. کلام قدیم صفت ہے؟	انبیاء کی	رسولوں کی	صرف نبی کریم ﷺ کی	ان میں سے کوئی نہیں
19. امام اشعری کے نزدیک کلام قدیم کو	سُنا جاسکتا ہے	نہیں سنا جاسکتا	پہلے دونوں	ان میں سے کوئی بھی نہیں

اُستاد مولانا اکبر مدنی صاحب

درجہ: سابعہ (مدنی)

سوال	الف	ب	ج	د
20. ماتُریدیہ کے نزدیک حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جو سنا وہ کلامُ اللہ	ہی ہے	نہیں ہے	پر دلالت کرتا ہے	وحی ہے
21. کلام تحقیقی اور ذاتی اعتبار سے ایسے معنیٰ کا نام ہے	جو غیر کے لئے قائم ہو	قائم بالنفس ہو	قائم بذات ہو	وحی ہو
22. بسم اللہ میں سین کا تلفظ ممکن نہیں ہے؟	میم کے تلفظ سے پہلے	لفظِ اللہ سے پہلے	میم کے تلفظ کے بعد	باء کے تلفظ کے بعد
23. امام تفتازانی نے صفتِ تکوین کے ازلی ہونے پر دلائل دئے؟	3	4	5	10
24. اللہ پاک کی ذات کے ساتھ حوادثات کا قیام ہے؟	ممکن	محال	واجب	موجود
25. محققین متکلمین (اشاعرہ) کے نزدیک صفتِ تکوین ہے؟	اعتباری	وجودی	عدمی	ممکن
26. مکوّن ہوتا ہے؟	قدیم	معدوم	حادث	ابدی
27. تکوین ہمارے نزدیک ہوتی ہے؟	غیر مکوّن	عین مکوّن	محال	جزِ مکوّن
28. تکوین حادث ماننے والوں کے نزدیک تکوین کا مکوّن کے بغیر	تصور کرنا حرام ہے	تصور نہیں کیا جاسکتا	تصور کرنا ممکن ہے	تصور کرنا واجب ہے
29. فلاسفہ کے نزدیک قدیم وہ ہے جس کے وجود کا تعلق	مسبوق بالعدم ہو	مسبوق بالعدم نہ ہو	غیر کے ساتھ ہو	غیر کے ساتھ نہ ہو
30. متکلمین کے نزدیک حادث وہ ہے جو	مسبوق بالعدم ہو	مسبوق بالعدم نہ ہو	تعلق غیر کے ساتھ ہو	وجود محال ہو
31. اللہ پاک کی صفتِ تکوین ہے؟	ازلی	حادث	معدوم	محال
32. کرامیہ کے نزدیک اللہ پاک کا ارادہ اسکی ذات میں ہوتا ہے؟	معدوم	موجود	حادث	ازل سے قائم
33. رؤیت باری تعالیٰ کن کے نزدیک آنکھوں کے ذریعے ممکن ہے؟	معتزلہ	جبریہ	متکلمین	دہریہ
34. اہل حق نے امکانِ رؤیت کا کتنی وجہوں سے استدلال کیا ہے؟	3	4	8	2
35. حکمِ مشترک کے لیے کون سی علت کا ہونا ضروری ہے؟	علتِ تامہ	علتِ مشترکہ	علتِ ضروریہ	علتِ وجودیہ
36. کن کے نزدیک تمام افعال کا خالق اللہ ہے، ہر کام اسی کے تحتِ قدرت ہے؟	عند المسلمین	عند الکفار	عند المعتزلہ	عند الجبریہ
37. کن کے نزدیک مشیت قدیم ہے اور ارادہ حادث ہے؟	معتزلہ	کرامیہ	دہریہ	جبریہ
38. معتزلہ کے نزدیک بندوں کے افعال کا خالق	اللہ پاک ہے	فرشتے ہیں	کوئی بھی نہیں ہے	بندے خود ہیں
39. بندوں کے افعال اختیاری ہیں	جبریہ کے نزدیک	متکلمین کے نزدیک	معتزلہ کے نزدیک	اشاعرہ کے نزدیک
40. بندوں کے فعل میں کوئی اختیار نہیں پایا جاتا	دہریوں کے نزدیک	کرامیہ کے نزدیک	جبریہ کے نزدیک	کافروں کے نزدیک

مختصر سوالات:

1. اللہ پاک کی صفتِ کلام کی تعریف کریں۔
2. آپ اللہ پاک کی صفتِ کلام کو کلامِ نفسی کیوں کہتے ہیں حالانکہ جو دل میں ہوتا ہے وہ تو علم ہوتا ہے؟
3. (انّي زوّرت في نفسي مقالة) اِعراب لگائیں، ترجمہ کریں اور یہ بھی بتائیں کہ یہ کس کا قول ہے؟
4. مصنف نے صفتِ کلام کی تعریف میں ازلیہ کی قید کیوں لگائی؟
5. دل میں جو بات ہوتی ہے اُسے کلام کہنے پر کلامِ عرب سے کوئی دلیل دیں؟
6. مصنف نے ارادہ، تکوین، کلام کو دوبارہ کیوں ذکر کیا؟
7. ذاتِ باری تعالیٰ کی صفتِ کلام حروف واصوات کی جنس سے کیوں نہیں ہے؟
8. حنابلہ اور کرامیہ کا صفتِ کلام کے بارے میں مؤقف بیان کریں۔
9. جو لوگ کہتے ہیں کہ صفتِ کلام ازل میں خبر ہے ان کی دلیل بیان کریں؟
10. مصنف نے قرآن پاک کی تعریف میں "والقرآن کلام اللہ تعالیٰ غیر مخلوق" کہا "والقرآن کلام غیر مخلوق" کیوں نہیں کہا؟
11. مصنف نے قرآن پاک کی تعریف میں غیر مخلوق کہا غیر حادث کیوں نہیں کہا؟
12. قرآن پاک کے غیر مخلوق ہونے پر کوئی دلیل دیں۔
13. قرآن پاک کی تعریف لکھیں؟
14. شیخ ابو منصور ماتریدی کے نزدیک کلام قدیم کو سنا جاسکتا ہے یا نہیں؟
15. صفتِ تکوین کی تعریف کریں۔
16. صفتِ تکوین کے ازلی ہونے کے دو دلائل لکھیں۔
17. اگر صفتِ تکوین کو حادث مانیں تو کیا خرابی لازم آئے گی؟
18. فلاسفہ کے نزدیک حادث اور قدیم کی تعریف کریں۔
19. متکلمین کے نزدیک حادث اور قدیم کی تعریف کریں۔
20. صفتِ تکوین کو اگر عینِ مکوّن مانیں تو کیا خرابیاں لازم آئے گی؟ دو تحریر کریں۔
21. ہمارے نزدیک صفتِ تکوین عینِ مکون ہے یا غیر مکون؟ مختصر دلیل دیں۔
22. (وَالإِرَادَةُ صِفَةٌ لِلّٰهِ تَعَالٰى أَزَلِيَّةٌ قَائِمَةٌ بِذَاتِهِ) كَرَّرَ ذٰلِكَ تَأْكِيْدًا وَتَحْقِيْقًا ترجمہ کریں اور اعراب لگائیں۔
23. خلق اور کسب میں فرق بیان کریں۔
24. حَسَن اور قبیح کی تعریف کریں۔
25. "کسبِ قبیح ہے مگر خلقِ قبیح، قبیح نہیں ہے" اس کی وضاحت کریں۔
26. "کسبِ قبیح ہے مگر خلقِ قبیح، قبیح نہیں ہے" یہ کن کا مؤقف ہے؟